وزیر اعظم نے کناڈا میں ہوئے حملے کی مذمت کی

نئی دہلی 23 اکتوبر، 2014 (آئی این ایس انڈیا)

میں کیوبیک اور اوٹاوا میں کناڈا کے فوجی حکام اور وہاں کی پارلیمنٹ پر ہوئے حملے کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ پارلیمنٹ جمہوریت کا ایک مندر اور ان لوگوں کے لئے ایک خاص مقام ہے جو جمہوری طرز حکومت پر یقین رکھتے ہیں۔ ایک ملک ہونے کی حیثیت سے کناڈا نے ایک ہولناک دہشت گردانہ حملے کا سامنا کیا ہے۔

کناڈا کے جمہوری ادارے پر ہوئے حملے سے وہاں کی عوام کو جو رنج وغم پہنچا ہے اس میں ہم ان کے ساتھ شریک ہیں۔ ہم ہندوستانی عوام کی جانب سے اہل کناڈا کی خدمت میں تعزیت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے فوجی کو کھویا ہے اور اس مشکل گھڑی میں ہماری فوج ان کے ساتھ کھڑی ہے۔

کناڈا ہندوستان کا ایک اہم ترین دوست ملک ہے۔ دہشت گردی اور دیگر جرائم کا خاتمہ کرکے اپنی عوام کو محفوظ مستقبل فراہم کرنے لئے ہم اپنے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بناتے رہیں گے۔

نئی دہلی

23 اکتوبر 2014